F. 6-4 (Edit) /2019 NCPUL Press release

राष्ट्रीय उर्दू भाषा विकास परिषद्

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

National Council for Promotion of Urdu Language

Ministry of Human Resource Development
Government of India

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.:publicrelation.ncpul@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

فروغ اردو بھون

Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated: 25/03/2019

قومی اردو کونسل کو اردو بریل کے لیے ہمیشہ یاد رکھا جائے گا: پروفیسر اختر الواسع

اردو میں بریل کی ضرورت برسوں سے تھی: ڈاکٹر شیخ عقیل احمد

قومی اردو کونسل میں اردو بریل کی تیاری کے لیے ورکشاپ

نئی دہلی: اردو میں یہ اپنی نوعیت کی پہلی کوشش ہے جس کے لیے قومی اردو کونسل کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ اردو میں ابھی تک بریل کے حوالے سے کوئی کام نہیں ہوا ہے۔ نابینا افراد کے لیے قومی اردو کونسل کا یہ قدم لائق تحسین ہے۔ یہ باتیں مولانا آزاد یونیورسٹی جودھپور کے صدر اور معروف دانشور پروفیسر اختر الواسع نے قومی اردو کونسل کے صدر دفتر میں اردو بریل کی تیاری کے سلسلے میں منعقدہ ورکشاپ میں کہیں۔ اس سے قبل قومی اردو کونسل کے ڈائرکٹر ڈاکٹر شیخ عقیل احمد نے سبھی مہمانان کا استقبال کیا اور اس ورکشاپ کی اہمیت اور اس کے مقصد پر روشنی ڈالی۔ انھوں نے کہا کہ اردو میں بریل کی ضرورت برسوں سے تھی اور اس سلسلے میں کسی پیش رفت کا نہ ہونا بے حد افسوسناک ہے۔ قومی اردو کونسل اب اس کام کو انجام تک پہنچائے گی۔

قومی اردو کونسل کی اسسٹنٹ ڈائرکٹر محترمہ شمع کوثر یزدانی نے سبھی شرکا کا تعارف کرایا ساتھ ہی ورکشاپ کے حوالے سے تفصیلی گفتگو کی۔ پروفیسر تصدق حسین نے بریل مواد کی تیاری کے لیے سب سے پہلے ٹارگیٹ گروپ پر توجہ دینے پر اصرار کیا۔ انھوں نے اردو میں بریل کے بنیادی مواد کی تیاری کی بھی وکالت کی۔ جناب محمد نیاز نے بتایا کہ اردو میں چودہ حروف ایسے ہیں جو انگریزی، ہندی اور عربی تینوں میں ایک ہی جیسے ہیں۔ ان کامن حروف کو ہم نے مجوزہ اردو بریل میں شامل کیا ہے۔ ایسے حروف جو ہندی آواز پر مشتمل ہیں وہ پانچ ہیں۔ آگرہ سے تشریف لائے اکھل کمار شری واستو نے اپنی سماجی تنظیم انتر درشٹی کے ذریعے تیار کردہ کتاب 'درِشٹی ہِینتا سے بچاؤ' کو اردو میں تیار کرنے پر بھی زور دیا اور کہا کہ ہمیں سب سے پہلے بچوں کو بینائی کی اہمیت اور چھوٹی چھوٹی ورزشوں سے ان میں آنکھ کے تئیں بیداری پیدا کرنی ہوگی۔ پروفیسر اختر الواسع نے محترمہ ممتاز بانو سے آسان اور عام فہم اردو میں ایک کتاب تیار کرنے کی بھی درخواست کی تاکہ اردو پڑھنے والے بچے آسانی سے پڑھ سکیں۔

اس ورکشاپ کے بعد اردو بریل کو بی سی آئی (Braille Council of India) کی منظوری کے لیے بھیجا جائے گا۔ اس ورکشاپ میں اردو میں بریل مواد کی تیاری اور اس سلسلے میں درپیش مسائل پر بھی گفتگو کی گئی۔ ورکشاپ میں پروفیسر تصدق حسین، جناب نیاز احمد، محترمہ فردوس رحمان، محترمہ ممتاز بانو، جناب اکھل کمار شری واستو، جناب پرشانت ٹنڈن، جناب ایس ایم اشفاق اور ڈاکٹر محمد افضل کے ساتھ ساتھ قومی اردو کونسل کے اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسر ڈاکٹر محمد فیروز عالم اور ریسرچ اسسٹنٹ جناب محمد شہاب الدین قاسمی بھی شامل ہوئے۔

(رابطہ عامہ سیل)